پریس ریلیز

ماحولیاتی محکمے (EPA) کے اقدامات پر گوجرانوالہ چیمبر کا اہم قدم، میٹل و اسکریپ ایسوسی ایشنز کا اجلاس

ایس او پیز پر عملدرآمد، ایئر پولوشن کنٹرول پلانٹس کی تنصیب کے لیے مناسب وقت کی فراہمی کے لیے حکومت اور متعلقہ ادارے سے رابطہ کیا جائے گا: اجلاس سے خطاب

گوجرانوالہ: گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی نو منتخب قیادت نے چارج سنبھالتے ہی تاجر برادری اور صنعت کاروں کو درپیش ماحولیاتی مسائل پر پہلا بڑا اور اہم اقدام اٹھاتے ہوئے چیمبر میں میٹل ایسوسی ایشن اور اسکریپ ایسوسی ایشن کا ایک اہم اجلاس منعقد کیا، جس کی صدارت نو منتخب صدر گوجرانوالہ چیمبر شیخ غلام حسین جج نے کی جبکہ اس موقع پر سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل، نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر، سابق صدر و چیئرمین بزنس گروپ رانا ناصر، ایگزیکٹو اراکین اور میٹل و اسکریپ ایسوسی ایشنز سے وابستہ تاجروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

اجلاس کے آغاز میں وفود نے چیمبر انتخابات میں تاریخی کامیابی حاصل کرنے اور باضابطہ طور پر جی سی سی آئی کا چارج سنبھالنے پر نو منتخب صدر شیخ غلام حسین جج، سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل اور نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر کو پھولوں کے گلدستے پیش کیے اور دلی مبارکباد دی۔

بعد ازاں اجلاس کے باقاعدہ ایجنڈے کے تحت دونوں ایسوسی ایشنز نے محکمہ تحفظِ ماحول (EPA) کی جانب سے صنعتی یونٹس پر کیے جانے والے چھاپوں، نوٹسز اور چالانز کے حوالے سے اپنے شدید تحفظات اور درپیش مسائل سامنے رکھے اور آگاہ کیا کہ متعدد تاجر ایئر پولوشن کنٹرول اور فلٹریشن پلانٹس لگا کر ایس او پیز پر عمل کر رہے ہیں، تاہم جن فیکٹریوں میں تکنیکی بنیادوں پر پلانٹس کی تنصیب باقی ہے انہیں لازمی طور پر مناسب وقت دیا جائے تاکہ صنعتی عمل متاثر ہوئے بغیر ماحولیاتی قوانین کی پاسداری ممکن بنائی جا سکے۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نو منتخب صدر شیخ غلام حسین جج نے تاجروں کے تحفظ اور تعاون کی یقین دہانی کرواتے ہوئے کہا کہ چیمبر تاجر برادری کی عزتِ نفس اور صنعتی ترقی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا اور اس مسئلے کا روایتی کے بجائے ایک مستقل و پائیدار حل نکالا جائے گا، جس کے لیے فوری طور پر ایک صنعتی کمیٹی تشکیل دی جائے گی جو EPA، سیکرٹری اینوائرنمنٹ اور صوبائی حکومت کے ساتھ باضابطہ قانونی و انتظامی بنیادوں پر بات چیت کرے گی۔

سابق صدر و چیئرمین بزنس گروپ رانا ناصر نے تکنیکی حل پیش کرتے ہوئے بتایا کہ تمام انڈسٹریز، ایندھن اور بھٹیوں کا کیٹیگری وائز درست ڈیٹا یکجا کیا جائے تاکہ حکومت کے سامنے تاجروں کا موقف مضبوطی سے پیش کیا جا سکے، جبکہ سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل نے اعلان کیا کہ EPA کے اعلیٰ حکام کے ساتھ جلد اجلاس بلا کر تاجروں کی گزارشات سامنے رکھی جائیں گی اور حکومت سے مختلف صنعتی شعبوں کے لیے یکساں پالیسی و آسان شرائط پر سہولیات کی فراہمی کا مطالبہ کیا جائے گا۔

PRESS RELEASE

Major Initiative by Gujranwala Chamber Regarding EPA Actions: Joint Meeting Convened with Metal and Scrap Associations

Demonstrating swift leadership immediately upon assuming office, the newly elected leadership of the Gujranwala Chamber of Commerce and Industry (GCCI) took a significant first step regarding the environmental challenges confronting the local business and industrial fraternity by convening an important consultative meeting with the Metal Association and Scrap Association at the Chamber.

The session was presided over by the newly elected President of GCCI, **Sheikh Ghulam Hussain Judge**, alongside Senior Vice President **Muhammad Arshad Mughal**, Vice President **Rana Muhammad Farhan Asghar**, former President and Chairman of the Business Group **Rana Nasir**, executive members, and a large number of representatives from the metal and scrap sectors.

At the outset of the meeting, the visiting delegations presented bouquets and extended heartfelt congratulations to President Sheikh Ghulam Hussain Judge, Senior Vice President Muhammad Arshad Mughal, and Vice President Rana Muhammad Farhan Asghar on their landmark election victory and assumption of administrative responsibilities.

Proceeding to the core agenda, representatives from both associations voiced serious concerns over repeated inspections, notices, and challans issued by the Environmental Protection Agency (EPA). They highlighted that while many manufacturers have already installed air pollution control and filtration units to comply with environmental SOPs, industrial units requiring additional time due to technical constraints must be granted an adequate grace period so that statutory compliance is achieved without disrupting industrial operations or causing economic losses.

Addressing the attendees, President **Sheikh Ghulam Hussain Judge** assured industrialists of unwavering institutional backing, affirming that GCCI would not compromise on industrial viability or the dignity of the business community. He emphasized that rather than seeking ad-hoc measures, a permanent and sustainable mechanism will be instituted through the immediate formation of an Industrial Committee. This committee will engage in structured, legal, and administrative dialogue with the EPA, the Secretary Environment, and the provincial government.

Highlighting a pragmatic and technical approach, Chairman of the Business Group **Rana Nasir** recommended compiling categorized, empirical data on furnace types, fuels, and operational setups to present a coherent and robust case before policymakers. Concurrently, Senior Vice President **Muhammad Arshad Mughal** announced that a dedicated session with senior EPA officials would be convened shortly to present the industrialists' grievances, urging the government to adopt a uniform, facilitative policy with feasible conditions across all industrial sectors.